DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i2.3403

سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں انسانی رویے میں ردِ عمل کی نفسیات کا تنقیدی جائزہ

اللہ دتہ ۞

Reaction Formation in Human Behaviour: A Critical Analysis in the Light of *Sīrah*

Allah Ditta۞

ABSTRACT: This study critically investigates the psychological mechanism of reaction formation in human behaviour, particularly in the context of conflict, anxiety, and interpersonal discord, through the ethical and practical lens of the *Sīrah* of the Prophet Muhammad (peace be on him). In contemporary societies marred by emotional instability, impulsive aggression, and inadequate emotional regulation, the paper contends that the absence of systemic education on managing reactive behaviours exacerbates social fragmentation. Employing a multidisciplinary methodology—incorporating psychoanalytic theory, behavioural psychology, and Islamic textual traditions—the article analyses how the Prophet's (peace be on him) responses to hostility exemplify the highest standards of emotional regulation and moral restraint. Drawing on various Qur'ānic injunctions, Prophetic sayings, and historical incidents, the paper demonstrates that the *Sīrah* offers a comprehensive paradigm for understanding and cultivating emotionally intelligent reactions grounded in patience, forgiveness, and composure. The study also contrasts modern psychological models of defence mechanisms, particularly reaction formation, with Sīrah-based models, highlighting the moral and spiritual superiority of the latter. Conclusively, the article argues that adopting Prophetic strategies of behavioural response is indispensable for fostering social harmony, reducing hostility, and nurturing spiritually enriched human interactions in Muslim societies. This contribution not only fills a significant gap in Urdu-language psychological literature but also offers practical recommendations for curriculum development, personal counselling, and inter-personal ethics based on the Prophetic model.

۞ اسسٹنٹ پروفیسر / صدر شعبہ علوم اسلامیہ، وفاقی گورنمنٹ ڈگری کالج فار وویمن، ملتان کینٹ۔

۞ Assistant Professor/ HOD Islamic Studies Federal Govt. Degree College for Women Multan Cantt (profabughufran475@gmail.com)

Keywords: Reaction Formation, defence mechanisms, Islamic psychology, *Sīrah*, emotional regulation, conflict resolution

Summary of the article

This scholarly article examines the psychological construct of reaction formation—a defence mechanism wherein individuals unconsciously replace unacceptable emotions or impulses with their opposites—through the moral and behavioural teachings derived from the *Sīrah* (biography) of the Prophet Muhammad (peace be on him). The paper is rooted in the argument that modern societies, marked by emotional volatility, intolerance, and interpersonal conflict, lack a coherent ethical framework and psychological education on how to respond constructively to adverse circumstances.

The author identifies reactionary behaviour as an ubiquitous component of daily interactions, ranging from verbal aggression to social hostility. He argues that these reactions often stem not from thoughtful deliberation but from unregulated emotions such as anger, resentment, and perceived injustice, compounded by the absence of moral training in educational systems and family settings. The article laments the widespread societal tendency to "return a brick for a stone," highlighting that very few individuals exercise patience, tolerance, or wisdom in their responses.

In contrast, the Prophetic *Sīrah* offers a divinely guided model of emotional regulation and ethical conduct. The author provides numerous examples from the life of the Prophet Muhammad (peace be on him), illustrating how he responded to insults, betrayal, physical harm, and public provocation with unwavering patience, forgiveness, and grace. Notable instances include his response to the hostile tribes of Tā'if, the episode with the Bedouin who violently pulled his garment, and the magnanimous behaviour shown during the conquest of Makkah. These actions are interpreted as manifestations of superior psychological control and spiritual maturity, which serve as moral archetypes for Muslims. The article draws upon Qur'ānic verses and Ḥadīth reports that emphasize restraint, kindness, and the moral high ground in times of provocation. Key verses such as "*Repel evil with that which is better...*" (al-Qur'ān 41:34) and the behaviour of the 'Ibād al-Raḥmān (Servants of the Most Merciful) are invoked as divine endorsements of non-reactive comportment. The prophetic sayings further reinforce this, especially the emphasis on controlling one's tongue, avoiding quarrels even when right, and the ethical use of language.

From a psychological perspective, the article engages with classical psychoanalytic theories—particularly Freudian conceptions of defence mechanisms—to define reaction formation. It further integrates insights from modern psychological literature, such as repression, projection, regression, denial, and rationalization, demonstrating that these mechanisms often guide human behaviour subconsciously. However, the author critiques the Western secular models for lacking the spiritual and moral dimension that is central to the Islamic epistemology of the self (nafs).

Methodologically, the study utilizes a comparative analytical approach, juxtaposing modern psychological theories with Islamic models of behaviour, especially those derived from the *Sīrah* and the practices of the Prophet's

companions (Ṣaḥābah). The author applies a combination of historical, interpretative, and applied research methods, engaging both scriptural sources and empirical social realities, particularly in the Pakistani context. Furthermore, the article highlights the pedagogical implications of this research, arguing that training individuals—especially within educational and religious institutions—to control reactive tendencies can foster a more harmonious and ethical society. The paper proposes that rituals like Ḥajj and Ṣawm (fasting) are not merely spiritual obligations but are also frameworks for behavioural training, aimed at curbing anger, enhancing patience, and embedding moral discipline.

In conclusion, the study asserts that emulating the Prophet's (peace be on him) non-reactive, merciful, and wise behavioural responses can serve as a transformative model for psychological resilience and social reform. The article fills a significant gap in Urdu psychological literature by presenting an integrative model that blends Islamic ethics, prophetic practice, and behavioural psychology, thereby offering both theoretical insight and practical guidance for individuals, educators, and community leaders.

ابتدائیہ

انسان اپنے روزمرہ کے تعامل میں ایک دوسرے کے رویوں کے جواب میں ردِ عمل کا اظہار کرتے ہیں، جو کبھی مثبت ہوتا ہے اور کبھی منفی۔ جس طرح دیگر امور میں تربیت کی ضرورت ہے، ویسے ہی ردِ عمل کا معاملہ بھی ہے کہ اس میں تربیت ناگزیر ہے۔ چوں کہ ہمارے لیے زندگی کے ہر معاملے میں نبی کریم ﷺ کی ذاتِ گرامی اسوہ ہے، اس لیے رد عمل کے معاملے میں بھی ہمیں آپ علیہ السلام کے اسوہ سے روشنی ملتی ہے۔

اس مقالے میں سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں نفسیات کے اصولوں کی مدد سے رد عمل کی نفسیات کے بارے میں آگہی فراہم کی گئی ہے۔ سیرت النبی ﷺ میں نہ صرف اس طرح کے بہت سے نظائر موجود ہیں، بلکہ آپ ﷺ کے بہت سے ارشادات بھی اس طرف رہ نمائی فراہم کرتے ہیں۔ اس ضمن میں بہت سے اہم سوالات پیدا ہوتے ہیں کہ رد عمل کی نفسیات سے کیا مراد ہے؟ معاشرتی تعلقات کے ضمن میں انسانی رویوں کی کیا اہمیت ہے؟ سیرت النبی ﷺ میں ردِ عمل کی تشکیل کے ضمن میں کس حد تک رہ نمائی موجود ہے؟ سیرت النبی ﷺ کے یہ نظائر کون سے ہیں اور کتنے ہیں؟ یہ نظائر کیا عہد حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہیں؟ کیا ان سے دور حاضر میں استفادہ کیا جاسکتا ہے؟ ان کی مدد سے اپنے رویوں اور رد عمل کی تشکیلی نفسیات کو کیسے بہتر بنایا جاسکتا ہے؟ اس آرٹیکل میں ان سوالات کے جوابات دیے گئے ہیں۔ اس مقالے میں تاریخی اور استدلالی طریقۂ تحقیق کی مدد سے نتائج وسفارشات کو واضح کیا گیا ہے۔

تحقیق کا بنیادی سوال

سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں ردِ عمل کی نفسیات کا میکانکی ڈیزائن کیا ہے؟

تاہم اس کے ساتھ ساتھ کچھ ذیلی سوالات بھی ہیں:

- رد عمل کی نفسیات کی مختلف جدید تعبیرات کیا ہیں اور ان سے کیسے استفادہ کر کے اپنے رویوں اور رد عمل کو بہتر بنایا جاسکتا ہے؟
- رد عمل کی نفسیات کے جدید ماڈل اور سیرت کے ماڈل میں کیا کوئی فرق ہے؟
- ان ماڈلز کے تقابلی نتائج کس حد تک معاشرے کے لیے لائق عمل ہیں؟
- سیرت النبی ﷺ کے علاوہ شریعتِ اسلامیہ کی اس ضمن میں تعلیمات کتنی جامع ہیں؟ اور کس حد تک رہ نمائی فراہم کرتی ہیں؟
- نیز صحابہ و تابعین اور سلف صالحین کا اس بارے رویہ و کردار کیا تھا؟

راقم اپنی تحقیقات میں مندرجہ بالا سوالات کے جوابات کو واضح کرے گا اور ان کی تنقیح و تحقیق کرے گا۔

مقاصد تحقیق

- سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں ردِ عمل کی نفسیات کے ممکنہ مظاہر کو بیان کرنا
- اسلامی احکامات کی روشنی میں ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں مسلمانوں کو رہ نمائی فراہم کرنا۔
- معاشرے میں صبر و برداشت اور امن و ہم آہنگی کو فروغ دینا۔

سابقہ کام کا جائزہ

۱. شباب فاطمہ نے اپنے آرٹیکل "دور حاضر کے نفسیاتی عوارض اور تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں ان کا تدارک" میں شخصی عوارضات اور ان کی وجوہات کے ضمن میں سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں کلام کیا ہے۔

۲. معظم علی نے "مذہب اور انسانی نفسیات: عصری تحقیقات کا تجزیاتی مطالعہ" میں یہ واضح کیا ہے کہ مذہبی تعلیمات میں انسانی نفسیات کا لحاظ رکھا گیا ہے۔

۳. ڈاکٹر تاج الدین نے "تعلیمات صوفیہ کی روشنی میں جدید نفسیاتی و ذہنی پریشانیوں کا مداوا" میں بزرگانِ دین کی تعلیمات کی روشنی میں پریشانیوں کے حل کی طرف اشارہ کیا ہے۔

۴. ڈاکٹر محمد نواز نے "حقوق والدین سے متعلق قرآنی احکام میں انسانی نفسیات کا لحاظ (ایک اجمالی جائزہ)" میں حقوق کی نفسیاتی وجوہ سے بحث کی ہے۔

۵. حمیرا شوکت نے اپنے آرٹیکل میں اسلامی نظریہ روحانیت کا نفسیاتی تجزیہ پیش کیا ہے۔

۶. Mary V. Minges, Claire J. Starrs & J. Christopher Perry نے Home Encyclopedia of Personality and Individual Differences میں ایک آرٹیکل Reaction Formation (Defense Mechanism) میں ردِ عمل کی نفسیات کا جائزہ لیا ہے۔

ان تمام مقالہ جات اور کتب میں یا تو نفسیاتی مسائل و عوارض کو زیرِ بحث لایا گیا ہے یا نفسیاتی پریشانیوں و انسانی نفسیات سے کلام کیا گیا ہے مگر اردو لٹریچر میں رد عمل کی نفسیات کو اسلامی حوالے سے زیرِ بحث نہیں لایا گیا۔ نفسیات کی کتابوں میں بھی رد عمل کی نفسیات کے بارے میں مواد نہ ہونے کے برابر ہے، تاہم انگریزی لٹریچر میں اس کے بارے میں کافی وسیع مواد موجود ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں جائزہ لیا جائے اور سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں رد عمل کی نفسیات کو واضح کیا جائے۔ محقق اپنی اس تحقیق میں سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں رد عمل کی نفسیات کے بارے میں تحقیق کرے گا اور رد عمل کی نفسیات کے ممکنہ مظاہر و نظائر کو بیان کرے گا۔

منہجِ تحقیق

مقالۂ ہذا میں مختلف طریقہ ہائے تحقیق کا سہارا لیا گیا ہے۔ جدید فکری رجحانات، نفسیات کے جدید اصول، تنازعات کے حل و تصفیے کے لیے تسلیم شدہ جدید اصول و قوانین سے تقابل کیا گیا ہے بے جا طوالت، تکرار مضمون اور غیر ضروری مباحث سے اجتناب کیا گیا ہے۔ ان امور کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱. پاکستانی معاشرے کی نفسیات کا جائزہ لینے کے لیے معیاری طریقۂ تحقیق کے اصولوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور اس حوالے سے پاکستانی معاشرے کے مسائل کے ضمن میں بنیادی مصادر و مراجع سے استفادہ کیا گیا ہے۔

۲. مقالے کی تحریر کے لیے بیانیہ اندازِ تحقیق کو اختیار کیا گیا ہے۔

۴. مقالے میں بیان کی گئی احادیث کی روایت اور درایت کے اصولوں کی مدد سے تخریج کی گئی ہے اور ان احادیث سے ثابت ہونے والے احکامات کو بھی بیان کیا گیا ہے، نیز احادیث کی صحت کی بھی وضاحت کی

گئی ہے۔

۵. تقابلی اسلوب کو اپناتے ہوئے ردعمل کی نفسیات کے جدید اصولوں کا موازنہ اسلامی تعلیمات سے کیا گیا ہے نیز جدید مغربی محققین کی تحقیق کو پرکھا جائے گا۔

۶. زمینی حقائق کو مد نظر رکھتے ہوئے اگر کہیں پاکستان کے حالات و واقعات میں دیگر ممالک کے حالات و واقعات سے کیفیات و عوامل مختلف ہیں تو وہاں ان کیفیات و عوامل کے اختلاف کو واضح کر دیا گیا ہے مزید بر آں استدلالی انداز کے مطابق حقائق کو دلائل کی روشنی میں مزین کیا گیا ہے۔ اسلوبِ استدلال عقلی ہو گا اور مواد کا تجزیہ جدید عقلیات کی روشنی میں کیا گیا ہے۔

۷. عہد نبوی کے نظائر کا جائزہ لینے کے لیے تاریخی طریقۂ تحقیق کو اختیار کیا گیا ہے نیز ان نظائر کا تجزیہ کرنے کے لیے تجزیاتی طریقۂ تحقیق کا سہارا لیا گیا ہے۔

۸. قرآن و سنت کے بیان کردہ اصول و قوانین کی مدد سے دورِ حاضر کے مسائل پر ان کا اطلاق و انطباق کرنے کے لیے اطلاقی طریقۂ تحقیق کو اختیار کیا گیا ہے۔

ردِ عمل کی نفسیات کا مفہوم

نفسیات میں، ردعمل کی تشکیل ایک ایسا طرز عمل ہے جس میں ایک شخص اپنے حقیقی احساسات یا خواہشات کو چھپانے کی کوشش کرتا ہے یا بالکل مخالف جذبات کو اپناتا ہے۔ ردِ عمل کی تشکیل ایک قسم کا نفسیاتی دفاعی طریقۂ کار ہے جو منفی احساسات کی وجہ سے پیدا ہونے والی پریشانی اور تناؤ پر قابو پانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔[۱]

ردِ عمل کی تشکیل (RF) ایک دفاعی طریقۂ کار ہے جو اندرونی یا بیرونی طور پر دھمکی آمیز یا ناپسندیدہ سوچ یا احساس کو اس کے متضاد مخالف کے ساتھ بدل دیتا ہے۔[۲]

1– https://study.com/academy/lesson/reaction-formation-in-psychology-definition-example.html#:~:text=In%20psychology%2C%20reaction%20formation%20is,adopting%20the%20exact%20opposite%20feelings.&text=Reaction%20formation%20is%20a%20type,stress%20caused%20by%20negative%20feelings. (accessed on 25-05-2022)

2– Mary V. Minges et al. Reaction Formation, https://link.springer.com/referenceworkentry/10.1007/978-3-319-28099-8_1420-1 (accessed on 21-02-2024)

Reaction formation is the fixation in consciousness of an idea, affect, or desire that is opposite to a feared unconscious impulse. A mother who bears an unwanted child, for example, may react to her feelings of guilt for not wanting the child by becoming extremely solicitous and overprotective to convince both the child and herself that she is a good mother.

ردِ عمل کی تشکیل کسی خیال، اثر، یا خواہش کے شعور میں طے کرنا ہے جو خوف زدہ لاشعوری تحریک کے مخالف ہے۔ ایک ماں جو ایک ناپسندیدہ بچہ پیدا کرتی ہے، مثال کے طور پر، بچے کو نہ چاہنے پر اپنے احساس جرم پر رد عمل ظاہر کر کے بچے اور خود دونوں کو یہ باور کرانے کے لیے کہ وہ ایک اچھی ماں ہے۔[۳]

ردِ عمل کی نفسیات بیک وقت معاشرتی نفسیات اور افرادی نفسیات کا مشترکہ موضوع ہے۔

In psychology, the delusion that one can personally direct, or control, reality outside of the self by thought or wish alone. Psychology generally considers feelings of omnipotence to fall anywhere between neurosis, in its milder forms, and psychosis, when the delusion is expressed as alienation from or outright denial of reality. In psychoanalytic theory, the main emphasis is on the infant's feeling that he or she is all-powerful, which is thought to arise (a) out of satisfaction of the child's slightest gesture; (b) out of increasing cognitive and physical abilities; and (c) as a reaction formation to feelings of helplessness and anxiety.[4]

in psychoanalytic theory, a defense mechanism in which unacceptable or threatening unconscious impulses are denied and are replaced in consciousness with their opposite. For example, to conceal an unconscious prejudice, an individual may preach tolerance; to deny feelings of rejection, a mother may be overindulgent toward her child. Through the symbolic relationship between the unconscious wish and its opposite, the outward behavior provides a disguised outlet for the tendencies it seems to oppose.[5]

ردِ عمل کی تشکیل ایک دفاعی طریقۂ کار ہے۔ ڈیفنس میکانزم (DMs) خود کار اور لاشعوری نفسیاتی عمل ہیں جو تنازعات اور تناؤ کے لیے افراد کے ردِ عمل کی ہدایت کرتے ہیں، چاہے وہ بیرونی یا اندرونی ذرائع سے پیدا ہوں۔ ڈی ایم کو انسانی ترقی کا ایک نارمل اور ضروری امر تصور کیا جاتا ہے جو ہر ہر جگہ سمجھا جاتا ہے۔ انفرادی دفاع

3– https://www.britannica.com/topic/defense-mechanism#ref195658 (accessed on 25-05-2022)

4–

5– Gary R. VandenBos, *APA Dictionary of Psychology* (Washington: American Psychological Association, 750 First Street, NE, DC, 2002), 883.

کو بھی ان کی عمومی سطح کی موافقت کے ذریعے درجہ بندی سے ترتیب دیا جاسکتا ہے۔ نفسیات میں، ردِ عمل کی تشکیل ایک دفاعی طریقۂ کار ہے جس میں ایک شخص لاشعوری طور پر کسی ناپسندیدہ یا اضطراب کو ہوا دینے والی تحریک کو اس کے مخالف سے بدل دیتا ہے، جس کا اظہار اکثر مبالغہ آمیز یا شوخ انداز میں ہوتا ہے۔ ایک بہترین مثال ایک نوجوان لڑکا ہے جو ایک نوجوان لڑکی کو تنگ کرتا ہے کیوں کہ، لاشعوری سطح پر، وہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

دفاعی طریقۂ کار، نفسیاتی نظریے میں، دماغی عمل کے ایک گروہ میں سے کوئی بھی جو ذہن کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ ان تنازعات کے سمجھوتے کے حل تک پہنچ سکے، جنھیں وہ حل کرنے سے قاصر ہے۔ یہ عمل عام طور پر لاشعوری ہوتا ہے اور سمجھوتے میں عام طور پر اپنی اندرونی حرکات یا احساسات سے چھپانا شامل ہوتا ہے جو خوداعتمادی کو کم کرنے یا پریشانی کو ہوا دینے کا خطرہ پیدا کرتے ہیں۔ یہ تصور نفسیاتی مفروضے سے اخذ کیا گیا ہے کہ ذہن میں ایسی قوتیں ہیں جو ایک دوسرے کی مخالفت اور جنگ کرتی ہیں۔ یہ اصطلاح سب سے پہلے سگمنڈ فرائیڈ کے مقالے ''دی نیوروسائیکوز آف ڈیفنس'' (۱۸۹۴ء) میں استعمال ہوئی تھی۔

اس ردِ عمل کی نفسیات کے جاننے کا فائدہ یہ ہے کہ بندہ لوگوں کے غصہ دلانے کی وجہ سے غصہ نہ کرے بلکہ اپنی اصل فطرت پر باقی رہے۔ اگرچہ ایسا کرنا انتہائی دشوار امر ہے اور کبھی نہ کبھی لوگ ردِ عمل کی نفسیات کے تحت اپنے نفس و شیطان کے ہاتھوں مغلوب ہو جاتے ہیں اور غصہ کر بیٹھتے ہیں؛ ردِ عمل کی نفسیات کا موضوع یہی ہے کہ بندہ یہ بات جان لے کہ ناخوش گوار واقعات کے جواب میں غور و فکر سے پر سکون قسم کا ردِ عمل کس طرح دینا ہے کہ فساد کھڑا ہونے کے بجائے ختم ہو جائے۔ یہی اس نفسیات کے سیکھنے کا فائدہ ہے، اس لیے کہ ناکافی تیاری کے ساتھ کیا ہوا اقدام مسئلے کو پہلے سے زیادہ سخت بنا دیتا ہے۔[۶]

ردِ عمل کی نفسیات کے دفاعی طریقہ ہائے کار

معلوم ہوا کہ ردِ عمل کی نفسیات کے تحت لوگ غصہ، ناراضی، جبر وغیرہ جیسا ردِ عمل ظاہر کرتے ہیں اور ردِ عمل کی نفسیات میں ان تمام مظاہر کو زیر بحث لایا جاتا ہے کہ کسی ناخوش گوار واقعے کے ردِ عمل میں ایک فرد کس طرح کے رویے اور کردار کا مظاہرہ کر سکتا ہے؛ چناں چہ ماہرین نے یہ بتایا ہے کہ کسی فرد کے ردِ عمل آٹھ طرح کے ہو سکتے ہیں۔ نفسیاتی ماہرین کی طرف سے بیان کردہ کچھ بڑے دفاعی طریقہ ہائے کار درج ذیل ہیں:

---

۶ — وحید الدین خان، **اقوال حکمت** (نئی دہلی: مکتبہ الرسالہ، ۲۰۰۶ء)، ۴۴۔

۱. جبر کسی ناپسندیدہ خیال، اثر، یا خواہش کو ذہن کے لاشعوری حصے میں دھکیل کر، یا اسے دبا کر شعور سے دست بردار ہونا ہے۔ ایک مثال ہسٹیریائی بھولنے کی بیماری کے معاملے میں مل سکتی ہے، جس میں مبتلا شخص نے کوئی پریشان کن فعل انجام دیا ہو یا دیکھا ہو اور پھر اس عمل کو اور اس کے آس پاس کے حالات کو بالکل بھول گیا ہو۔

۲. ردِ عمل کی تشکیل کسی خیال، اثر، یا خواہش کا شعور میں تعین کرنا ہے جو خوف زدہ لاشعوری تحریک کے مخالف ہے۔ مثال کے طور پر، ایک ماں جو ایک ناپسندیدہ بچہ پیدا کرتی ہے، بچے کو نہ چاہنے پر بھی بعض اوقات اپنے احساس جرم پر رد عمل ظاہر کر کے بچے اور خود دونوں کو یہ باور کراتی ہے کہ وہ ایک اچھی ماں ہے۔

۳. پروجیکشن دفاع کی ایک شکل ہے جس میں ناپسندیدہ احساسات کسی دوسرے شخص پر منتقل ہوتے ہیں، جہاں وہ بیرونی دنیا سے خطرے کے طور پر ظاہر ہوتے ہیں۔ پروجیکشن کی ایک عام شکل اس وقت ہوتی ہے جب ایک فرد، اپنے غصے کے جذبات سے ڈرا ہوا، دوسرے پر مخالفانہ خیالات رکھنے کا الزام لگاتا ہے۔

۴. رجعت ترقی کے ابتدائی مراحل کی طرف واپسی ہے اور ان سے تعلق رکھنے والی تسکین کی ترک شدہ شکلیں، جو بعد کے مراحل میں سے کسی ایک پر پیدا ہونے والے خطرات یا تنازعات کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر، ایک نوجوان بیوی اپنے شوہر کے ساتھ اپنے پہلے جھگڑے کے بعد اپنے والدین کے گھر کی حفاظت کے لیے پیچھے ہٹ سکتی ہے۔

۵. نفسیاتی نظریے کا خیال ہے کہ جنسی تحریکوں میں لگائی جانے والی توانائی کو زیادہ قابل قبول اور یہاں تک کہ سماجی طور پر قابل قدر کامیابیوں، جیسے فنکارانہ یا سائنسی کوششوں کے حصول کی طرف منتقل کیا جا سکتا ہے۔

۶. انکار یہ محسوس کرنے کا شعوری انکار ہے کہ تکلیف دہ حقائق موجود ہیں۔ ہم جنس پرستی یا دشمنی، یا کسی کے بچے میں ذہنی نقائص کے پوشیدہ احساسات سے انکار کرنے میں، ایک فرد ناقابل برداشت خیالات، احساسات یا واقعات سے بچ سکتا ہے۔

۷. معقولیت رویے کی حقیقی (لیکن دھمکی آمیز) وجہ کے لیے ایک محفوظ اور معقول وضاحت کا متبادل ہے۔ ماہر نفسیات اس بات پر زور دیتے ہیں کہ دفاعی طریقۂ کار کا استعمال شخصیت کے کام کا ایک عام حصہ ہے

اور یہ خود نفسیاتی خرابی کی علامت نہیں ہے۔ تاہم، مختلف نفسیاتی عوارض کی خصوصیات ان دفاعی قوتوں کے ضرورت سے زیادہ یا سخت استعمال سے ہو سکتی ہیں۔

معلوم ہوا کہ ردِ عمل کی نفسیات کے تحت لوگ غصہ، ناراضی، جبر وغیرہ جیسا ردِ عمل ظاہر کرتے ہیں اور ردِ عمل کی نفسیات میں ان تمام مظاہر کو زیرِ بحث لایا جاتا ہے کہ کسی ناخوش گوار واقعے کے ردِ عمل میں ایک فرد کس طرح کے رویے کردار کا مظاہرہ کر سکتا ہے۔

نفسیاتی نظریے میں، ایک دفاعی طریقۂ کار جس میں ناقابل قبول یا دھمکی آمیز لاشعوری تحریکوں کی تردید کی جاتی ہے اور شعور میں ان کے مخالف سے تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، لاشعوری تعصب کو چھپانے کے لیے، ایک فرد رواداری کی تبلیغ کر سکتا ہے۔ رد کرنے کے جذبات کو جھٹلانے کے لیے، ایک ماں اپنے بچے کے لیے حد سے زیادہ بے تاب ہو سکتی ہے۔ لاشعوری خواہش اور اس کے مخالف کے درمیان علامتی تعلق کے ذریعے، ظاہری رویہ ان رجحانات کے لیے ایک چھپی ہوئی جگہ فراہم کرتا ہے جن کی وہ مخالفت کرتی نظر آتی ہے۔

ردِ عمل کی تشکیل میں الفاظ کی اہمیت

زبان میں الفاظ کے ذریعے ہم اپنے خیالات احساسات اور تاثرات دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ الفاظ ہی کے ذریعے خیالات و احساسات اور تاثرات ہم تک پہنچتے ہیں۔[۷] اور انھی الفاظ حرکات و سکنات، طرزِ عمل، رویے اور جسمانی حرکات کی بدولت ہم ان الفاظ کا ردِ عمل دیتے ہیں۔

الفاظ تین فریضے ادا کرتے ہیں: یہ اشیا کی (۱) بہ طور علامت یا (۲) بہ طور صفت فریضہ ادا کرنے کے علاوہ خود بھی (۳) معروضی شے بن جاتے ہیں۔[۸]

اس لیے درست الفاظ و معانی کا چناؤ بہت زیادہ ضروری ہے اگر الفاظ کا صحیح استعمال کیا جائے تو پھر ہی مناسب ردِ عمل آئے گا۔ علماے نفسیات نے معنی کے لحاظ سے الفاظ کو دو بڑی اقسام میں تقسیم کیا ہے۔

۱. تعبیری معنی (Denotative)
۲. تضمینی معنی (Connotative)

---

۷ — سی اے قادر، **معاشرتی نفسیات** (لاہور: مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، ۱۹۸۱ء)، ۴۱۔
۸ — قادر، نفسِ مرجع، ۴۲۔

تعبیری معنی

تعبیری معنی سے مراد اشیا اور واردات کی جانب براہ راست اشارہ کرنا ہے۔ تعبیر سے مراد ہی اشیا کی صحیح اور براہ راست شناخت ہے ۔ ریاضیات اور سائنس کی زبان تعبیری زبان ہے۔ اسی لیے اسے انگریزی میں (Thing Language) کہا جاتا ہے۔[٩]

تضمینی معنی

عام زبان اکثر و بیش تر تضمینی زبان ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ تصورات اور احساسات کا پلندہ بندھا ہوا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ کئی قسم کے شعوری اور لاشعوری رویے بندھے ہوئے ہوتے ہیں۔ الفاظ کے تعبیری معنی تو ایک ہو سکتے ہیں لیکن تضمینی معنی جدا جدا۔ سیاست دان، مبلغ، پارٹی، مقرر اور پراپیگنڈہ کرنے والے تضمینی معنی سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور الفاظ کے ذریعے خیالات اور احساسات بھڑکاتے ہیں۔[١٠]

ایسے افراد مختلف طرح کی جذباتی صورت حال سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور الفاظ کے ذریعے خیالات اور احساسات بڑھاتے ہیں۔

اس لیے بھی کہ منفی نفسیات میں جینے والا انسان تاریخ کا معمول ہوتا ہے اور ایجابی نفسیات میں جینے والا تاریخ کا عامل۔[١١]

بعض اوقات ردعمل اس وجہ سے ہوتا ہے کہ ہم اپنے آپ کو دوسروں سے برتر سمجھتے ہیں یا ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارا حق تلف کیا جارہا ہے، جب کہ بعض اوقات ایسی صورت حال نہیں ہوتی، بلکہ یہ صرف ہمارے دماغ کے پروردہ خیالات ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ہم اپنا ضروری حق بھی کھو دیتے ہیں، اس لیے کہ اپنے حق سے زیادہ چاہنا اپنے آپ کو واقعی حق سے بھی محروم کرنا ہے، اس لیے اپنا دل بڑا رکھنا چاہیے کہ بڑے دل والا آدمی ہمیشہ کام یاب ہوتا ہے اور چھوٹے دل والا آدمی ہمیشہ ناکام۔[١٢]

---

٩ — قادر، نفسِ مرجع، ٤٣۔
١٠— قادر، نفسِ مرجع، ٤٣۔
١١— وحید الدین خان، مرجع سابق، ١١۔
١٢— وحید الدین خان، مرجع سابق، ١٩۔

ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں قرآنی آیات

ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں قرآن پاک کی بہت سی آیات اشارہ کرتی ہیں۔ ان میں سے چند اہم آیات موضوع کی مناسبت سے یہاں درج کی جاتی ہیں۔ ارشاد ربانی ہے: ﴿وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ ھَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَھُمُ الْجٰھِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا﴾[۱۳] (اور رحمن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر آہستگی اور نرمی کے ساتھ چلتے ہیں اور جب ان سے مخاطب ہوتے ہیں جاہل لوگ تو وہ ان کو سلام کہہ دیتے ہیں۔)

اس آیتِ مبارکہ میں ردعمل کی نفسیات کا سب سے بہترین درس دیا گیا ہے کہ لوگوں کی بدسلوکی و درشتگی کا جواب خاموشی ہے یا پھر ایسے لوگوں کو نظر انداز کر دیا جائے یا وہاں سے چلا جانا چاہیے۔ مولانا وحید الدین خان کا ایک قول شاید اسی آیت سے مستفاد ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ برے سلوک کا بہترین جواب اچھا سلوک ہے جہالت کا بہترین حل اس کو نظر انداز کر دینا ہے۔[۱۴]

﴿وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ ط اِدْفَعْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ﴾[۱۵] (سو آپ برائی کو اچھے طریقے سے دور کریں، پس اس سے جس کے اور آپ کے درمیان دشمنی ہے وہ ایسا ہو جائے گا جیسے وہ آپ کا خیر خواہ دوست ہے۔)

﴿قَالَ اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْۤ اِلَی اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ﴾[۱۶] (انھوں نے کہا میں تو اپنے دکھ درد کا اظہار اللہ سے کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔)

﴿وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ط اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ﴾[۱۷] (وہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے غم دور کیا، بے شک ہمارا رب بخشنے والا اور قدر دان ہے۔)

﴿اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ

۱۳- القرآن، ۲۵: ۶۳۔

۱۴- وحید الدین خان، مرجع سابق، ۱۳۔

۱۵- القرآن، ۴۱: ۳۴

۱۶- القرآن، ۱۲: ۸۶۔

۱۷- القرآن، ۳۵: ۳۴۔

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴾ (۱۸) (اگر تم پیغمبر کی مدد نہ کروگے تو اللہ ان کا مددگار ہے۔ وہ وقت تم کو یاد ہوگا جب ان کو کفار نے گھر سے نکال دیا تھا، اس وقت دو ہی لوگ تھے (سیدنا ابو بکر اور دوسرے خود رسول اللہ ﷺ دونوں غارِ (ثور) میں تھے اس وقت پیغمبر اپنے رفیق کو تسلی دیتے تھے کہ غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے، تو اللہ نے ان پر تسکین نازل فرمائی اور ان کو ایسے لشکروں سے مدد دی جو تم کو نظر نہ آتے تھے کفار کی بات کو پست کر دیا اور بات تو اصل میں اللہ ہی کی بلند ہے اللہ زبردست اور حکمت والا ہے۔)

﴿وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴾ (۱۹) (اور ہم نے موسیٰ کی ماں کی طرف وحی بھیجی کہ اس کو دودھ پلاؤ جب تمھیں اس کے بارے میں کچھ خوف پیدا ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا، نہ خوف کھانا اور نہ رنج کرنا، ہم اس کو واپس تمھارے پاس پہنچا دیں گے اور پھر اسے پیغمبر بنا دیں گے۔)

ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کے اقوال وارشادات

ردِ عمل کی نفسیات کے تحت چوں کہ ناخوش گوار واقعات کے بارے میں اپنا رویہ ظاہر کرنا ہوتا ہے، اس لیے بعض اوقات لوگ جھوٹ کا سہارا لیتے ہیں۔ جھوٹ بولنا ایک انتہائی قبیح حرکت ہے اور آپ ﷺ نے اس سے بچنے کی تنبیہ فرمائی ہے۔ آپ کا ارشاد گرامی ہے کہ جھوٹ سے بچو، کیوں کہ جھوٹ فجور کی طرف لے جاتا ہے اور فجور جہنم کا راستہ دکھاتا ہے اور آدمی برابر جھوٹ بولتا رہتا ہے اور جھوٹ بولنے کی کوشش کرتا ہے، یہاں تک کہ اللہ (عزوجل) کے نزدیک کذاب لکھ دیا جاتا ہے۔ (۲۰) سفیان بن اَسِید حضرمی نے روایت کی، کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ ”بڑی خیانت کی یہ بات ہے کہ تو اپنے بھائی سے کوئی بات کہے اور وہ تجھے اس بات میں سچا جان رہا ہے اور تو اس سے جھوٹ بول رہا ہے۔“ (۲۱)

---

۱۸ – القرآن، ۹: ۴۱۔

۱۹ – القرآن، ۲۸: ۷۔

۲۰ – مسلم، صحیح مسلم بَابُ قُبْحِ الْكَذِبِ وَحُسْنِ الصِّدْقِ وَفَضْلِهِ، رقم: ۱۰۵ (۲۶۰۷)، ۴: ۲۰۱۳۔

۲۱ – ابوداؤد، سنن أبي داود، کتاب الأدب، باب في المعاريض، ۴: ۲۹۳، رقم: ۴۹۷۱۔

ردِ عمل کی نفسیات اکثر انسان کو دورنگی اختیار کرنے پر مجبور کرتی ہے، وہ جھوٹ کے پردے میں ظاہراً سچ بولتا ہے، لیکن ایسا طرزِ عمل شریعتِ اسلامیہ کی نظر میں محمود نہیں ہے، بلکہ ناپسندیدہ اور مردود ہے۔ اگرچہ سچ بولنے کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ آپ سخت جملوں کا تبادلہ کریں یا دل دکھانے والی بات کریں یا تکلیف پہنچانے والی بات کریں، اس لیے کہ حدیث پاک میں یہ ہے کہ کامل مومن وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں، لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ بندہ منافقت کرتے ہوئے جھوٹ کا سہارا لے اس لیے کہ جھوٹ کی مذمت کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کے بکثرت فرامین موجود ہیں۔ ایسے موقع پر مصلحت سے کام لیا جائے کہ اگر کسی کو کچھ کہنا بھی ہو تو مناسب اسلوب اور الفاظ کے ساتھ کہا جائے، بلکہ ایسے مواقع کے لیے رسول اللہ ﷺ کے ان فرامین گرامی پر عمل کیا جائے کہ جو حق پر ہوتے ہوئے جھگڑا ترک کر دے اس کے لیے جنت کے درمیان میں مکان بنایا جائے گا۔(۲۲) ایک دوسری روایت میں ہے کہ بندہ ایمان کی حقیقت میں اس وقت تک کمال کو نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ وہ حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا نہ چھوڑ دے۔(۲۳) ایک دوسری روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”انسان اس وقت تک کمالِ ایمان کو نہیں پہنچ سکتا جب تک وہ مزاح میں بھی جھوٹ کو چھوڑ نہ دے اور حق پر ہونے کے باوجود لڑائی جھگڑا ترک نہ کر دے۔“(۲۴) نیز ارشاد ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے تو اس کو چاہیے کہ اچھی بات کہے ورنہ خاموش رہے۔(۲۵)

بسا اوقات ایسے مواقع پر لوگ دوسرے افراد کی بات سننا بھی پسند نہیں کرتے، بلکہ دوسرے کی بات کاٹ کر اپنی سناتے رہتے ہیں۔ ایسا طرزِ عمل درست نہیں ہے۔ حضور رحمت عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص بات کاٹنا چھوڑ دے اور وہ باطل پر ہو تو اس کے لیے جنت کے کونے میں گھر بنایا جائے گا اور جو شخص حق پر رہ کر بات

---

۲۲ – ترمذی، **جامع الترمذي**، كتاب البر والصلة، باب ماجاء في المرأ، ۴: ۳۵۸، رقم: ۱۹۹۳؛ ابو داؤد، سنن أبي داود، بَابٌ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ، ۴: ۲۵۳، رقم: ۴۸۰۰۔

۲۳– ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن عبید بن سفیان ابن ابی الدنیا، **الصمت وآداب اللسان**، (بیروت: دار الكتاب العربي، ۱۴۱۰ھ)، ۱: ۱۰۵، رقم: ۱۳۹۔

۲۴– ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب الطبرانی، **مسند الشاميين**، رجاء عن عبد الرحمن بن غنم الأشعري (بیروت: مؤسسة الرسالة، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۴ء)، ۳: ۲۱۵، رقم: ۲۱۱۵۔

۲۵– بخاری، **صحيح البخاري**، بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ، ۸: ۱۰۰، رقم: ۶۴۷۵۔

نہ کاٹے اس کے لیے جنت کے بلند ترین حصے میں گھر بنایا جائے گا،[۲۶] اس لیے کہ یہ بھی اُخُوَّت اور بھائی چارے میں سے ہے کہ دوست کی بات کاٹنے اور اس پر کلام کرنے سے اپنی زبان کو باز رکھا جائے۔ چناں چہ، حضرت سیّدُنا عبداللہ بن عباس نے ارشاد فرمایا: "بے وقوف کی بات نہ کاٹو کہ وہ تمھیں تکلیف دے گا اور عقل مند کی بات بھی نہ کاٹو کہ وہ تم سے مُتَنَفِّر ہو کر قطع تعلق کرلے گا۔"[۲۷]

امام غزالی اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ باطل پر ہونے کی صورت میں بات نہ کاٹنا واجب ہے، لیکن اس کے باوجود اسے نعمت و ثواب سے نوازا جارہا ہے اور (حق پر ہونے کے باوجود بات نہ کاٹنا نفلی عمل ہے تو) نفلی عمل پر زیادہ ثواب دیا گیا؛ کیوں کہ حق بات پر ہوتے ہوئے خاموشی نفس پر زیادہ دشوار ہوتی ہے بہ نسبت باطل پر ہوتے ہوئے خاموش رہنے سے اور ثواب دشواری ومشقت کے اعتبار سے ملتا ہے۔[۲۸] رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرے رب نے بت پرستی کے بعد مجھے سب سے پہلے جس بات سے روکا وہ مے نوشی اور لوگوں سے جھگڑا کرنا ہے۔[۲۹]

---

۲۶ – ترمذی، **سنن الترمذي**،كتاب البر والصلة،باب ماجاء في المرأ،۴: ۳۵۸،رقم: ۱۹۹۳؛بتغیر؛ ابوداؤد، **سنن أبي داود**،كتاب الأدب،باب في حسن الخلق،۴: ۲۵۲،رقم: ۴۸۰۰،بتغیر۔

۲۷ – ابوحامد محمد بن محمد الطوسی الغزالی،**إحياء علوم الدين** (بیروت: دار المعرفة،س۔ن)،۲: ۱۷۹۔

۲۸ – الغزالی،نفسِ مرجع، ۲: ۱۷۹۔

۲۹ – ابن وہب ابو محمد عبد اللہ المصری القرشی،**الجامع في الحديث لابن وهب** (ریاض: دار ابن الجوزي،۱۴۱۶ھ/ ۱۹۹۵ء)،فِي الْكَلَامِ لِمَا لَا يَنْبَغِي وَلَا يَحْسُنُ،۴۸۹،رقم: ۳۷۶؛ ابن ابی شیبہ،ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان بن خواستی العبسی، **الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار**، بَابُ أَوَّلِ مَا فُعِلَ وَمَنْ فَعَلَهُ (ریاض: مكتبة الرشد،۱۴۰۹ھ)، ۲۶۰:۷،رقم: ۳۵۸۸۱؛ ابو بکر احمد بن حسین البیہقی، **شعب الايمان**، فَصْلٌ فِي الْحِلْمِ وَالتُّؤَدَةِ وَالرِّفْقِ فِي الْأُمُورِ كُلِّهَا (ریاض :مكتبة الرشد، ۱۴۲۳ھ/۲۰۰۳ء)،۱۱:۲۰،رقم :۸۰۸۲؛ ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی،**المعجم الكبير**،سِنُّ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ (بیروت: دار إحياء التراث العربي،۱۹۸۳ء)،۲۰ : ۸۳،رقم: ۱۵۷؛علاء الدین علی بن حسام الدین المتقی الہندی، **كنز العمال في سنن الأقوال و الأفعال**، الفصل الثالث في أخلاق وأفعال مذمومة تختص باللسان (بیروت: مؤسسة الرسالة،۱۴۰۱ھ)،۳ : ۶۴۵،رقم: ۸۳۱۳۰۔

ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں سیرت النبی کے نظائر

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہا تھا۔ آپ کے جسم پر ایک نجرانی چادر تھی، جس کا حاشیہ موٹا تھا۔ اتنے میں ایک دیہاتی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے آپ کی چادر بڑے زور سے کھینچی۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شانے کو دیکھا کہ زور سے کھینچنے کی وجہ سے اس پر نشان پڑ گئے۔ پھر اس نے کہا: اے محمد! اللہ کا جو مال آپ کے پاس ہے اس میں سے مجھے دیے جانے کا حکم فرمائیے۔ اس وقت میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مڑ کر دیکھا تو آپ مسکرا دیے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیے جانے کا حکم فرمایا۔[۳۰]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت چاہی۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبیلے کا یہ بیٹا (یا فرمایا) قبیلے کا یہ بھائی کیا ہی برا ہے! پھر اسے اجازت دے دی اور اس کے ساتھ نرمی کے ساتھ گفت گو کی۔ جب وہ چلا گیا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، پہلے تو آپ نے اسے برا کہا اور پھر اس سے نرمی سے بات کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عائشہ بدترین شخص وہ ہے جسے اس کی فحش گوئی کی وجہ سے لوگوں نے چھوڑ دیا ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔[۳۱]

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اطراف نجد میں غزوہ کے لیے گئے تھے۔ پھر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم واپس ہوئے تو وہ بھی واپس ہوئے۔ قیلولہ کا وقت ایک وادی میں آیا، جہاں ببول کے درخت بہت تھے۔ چناں چہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم وہیں اتر گئے اور صحابہ رضی اللہ عنہم درختوں کے سائے کے لیے پوری وادی میں پھیل گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایک ببول کے درخت کے نیچے قیام فرمایا اور اپنی تلوار اس درخت پر لٹکا دی۔ جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابھی تھوڑی دیر ہمیں سوئے ہوئے ہوئی تھی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں پکارا۔ ہم جب خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ کے پاس ایک بدوی بیٹھا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس شخص نے میری تلوار (مجھ ہی پر) کھینچ لی تھی، میں اس وقت سویا ہوا تھا۔ میری آنکھ کھلی تو میری ننگی تلوار اس کے ہاتھ میں تھی۔ اس نے مجھ سے کہا، تمھیں میرے ہاتھ سے آج کون بچائے گا؟ میں نے کہا کہ اللہ! اب دیکھو یہ بیٹھا ہوا ہے۔ نبی

---

۳۰ – البخاری، صحيح البخاري، بَابُ التَّبَسُّمِ وَالضَّحِكِ،۸: ۲۴،رقم: ۶۰۸۸۔

۳۱ – الترمذی،سنن الترمذي، بَابُ مَا جَاءَ فِي الْمُدَارَاةِ،،۴: ۳۵۸،رقم: ۱۹۹۶۔

کریم ﷺ نے اسے پھر کوئی سزا نہیں دی۔[۳۲]

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

جب اللہ تعالیٰ نے زید بن سعنہ کی ہدایت کا ارادہ فرمایا تو زید کہنے لگے: جب میں نے محمد کو دیکھا تو نبوت کی تمام علامات پہچان لیں، سوائے دو علامات کے؛ ایک یہ کہ اس کا حلم اس کے جہل یعنی غصے پر غالب ہو گا اور جتنا ان کے ساتھ جہالت کا رویہ اختیار کیا جائے گا اتنا ہی ان کا حلم بڑھے گا۔ پھر انھوں نے آپ کے ساتھ ایک بیع کا تذکرہ کیا۔ زید فرماتے ہیں: وعدے کے دو یا تین دن پہلے رسول اللہ ﷺ ایک انصاری صحابی کے جنازے کے لیے اپنے گھر سے نکلے اور آپ ﷺ کے ساتھ حضرت ابو بکر، عمر، عثمان اور دیگر صحابہ بھی تھے۔ چناں چہ جب جنازہ پڑھ لیا اور دیوار کے ساتھ بیٹھ گئے تو میں آپ کے پاس آیا اور غصے سے آپ کی طرف دیکھا، پھر میں نے آپ کی قمیص اور چادر کے پہلوؤں کو پکڑ کر کہا: اے محمد! میرا حق مجھے دو، اللہ کی قسم! تم سب عبدالمطلب کے خاندان والے قرض ادا کرنے میں لیت ولعل سے کام لیتے ہو، مجھے پہلے ہی پتا تھا کہ تم ایسے ہی کرو گے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے عمر کو دیکھا کہ ان کی آنکھیں ان کے چہرے میں گھوم رہی تھیں۔ پھر انھوں نے مجھے غصے سے دیکھا اور کہا: اے یہودی! کیا تو اللہ کے رسول کے ساتھ ایسا کر رہا ہے۔ اس ذات کی قسم جس نے محمد کو حق دے کر بھیجا ہے اگر مجھے کسی چیز کا ڈر نہ ہوتا تو اپنی تلوار تیرے سر میں مار دیتا۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت عمر کی طرف بڑے اطمینان اور سکون اور مسکراہٹ کے ساتھ دیکھ رہے تھے۔ پھر آپ نے فرمایا: اے عمر! میں اور وہ تم سے کسی اور سلوک کے خواہاں تھے۔ تم مجھے حسنِ ادائی کا کہتے اور اسے حسنِ تقاضا کا کہتے۔ اب اسے لے جاؤ، اس کا قرض ادا کر دو اور اسے بیس صاع کھجور اضافی دے دو؛ کیوں کہ تو نے اسے دھمکایا ہے۔ پھر انھوں نے اپنے اسلام قبول کرنے کا تذکرہ کیا۔[۳۳]

ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں امت کی تربیت

رسول اللہ ﷺ نے ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں امت کو نہ صرف اپنی سیرت کا عملی نمونہ پیش کیا اور امت کو اس کے اپنانے کی تلقین بھی کی، بلکہ ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں امت کی تربیت کی طرف بھی پورا دھیان دیا اور اس کا عملی بندوبست بھی کیا۔ اس کا عملی نمونہ حج کی صورت میں ملتا ہے کہ حج کے دوران میں کسی شخص کے ناگوار امر، واقعہ یا بات کی صورت میں برداشت کرنے، معاف کرنے یا نظر انداز کرنے کا حکم ہے جب کہ

---

۳۲ – البخاری، **صحيح البخاري**، بَابُ غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ، ۵: ۱۱۴، رقم: ۴۱۳۵۔

۳۳ – ابو بکر احمد بن الحسین بن علی البیہقی، **السنن الكبرى**، كتاب التفليس، باب مَا جَاءَ فِي التَّقَاضِي (حیدرآباد: مجلس دائرة المعارف النظامية الكائنة في الهند ببلدة، ۱۳۴۴ھ)، ۶: ۵۲، رقم: ۱۱۶۱۵۔

رد عمل دینے کو ناپسند کیا گیا ہے۔ اسی لیے روایات میں دوران حج میں جھگڑا کرنے کو فسق و فجور اور گناہ قرار دیا گیا ہے۔[۳۴] یوں چالیس دن تک اس طرز عمل پر کاربند رہنے کی صورت میں حاجی کی عملی تربیت بھی ہو جاتی ہے کہ وہ ان اوصاف کا مظہر بن جاتا ہے۔

روزہ بھی اس بات کی عملی تربیت فراہم کرتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ ڈھال ہے، اس لیے نہ تو بری بات کرے اور نہ جہالت کی بات کرے، اگر کوئی شخص اس سے جھگڑا کرے یا گالی گلوچ کرے تو کہہ دے میں روزہ دار ہوں، دو بار کہہ دے۔ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوش بو سے بہتر ہے، وہ کھانا پینا اور اپنی مرغوب چیزوں کو روزوں کی خاطر چھوڑ دیتا ہے اور نیکی دس گنا ملتی ہے اور (اللہ تعالیٰ کا قول) میں اس کا بدلہ دیتا ہوں۔[۳۵]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کی یہ قرآن کریم سات حرفوں پر نازل کیا گیا ہے، جس حرف کے مطابق پڑھو گے، صحیح پڑھو گے، اس لیے تم قرآن کریم میں مت جھگڑا کرو؛ کیوں کہ قرآن میں جھگڑا کرنا کفر ہے۔[۳۶]

حضرت ابو جعفر بن محمد بن رکانہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رکانہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کشتی کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پچھاڑ دیا۔[۳۷]

---

۳۴ – البخاری، **صحيح البخاري**، بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى: {ذَلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الحَرَامِ} [البقرة: ۱۹۶]، ۲: ۱۴۴، رقم: ۱۵۷۲۔

۳۵ – البخاری، **صحيح البخاري**، بَابُ فَضْلِ الصَّوْمِ، ۳: ۲۴، رقم: ۱۸۹۴۔

۳۶ – احمد بن حنبل، **مسند أحمد**، باب بقية حديث عمرو بن العاص، ۲۹: ۳۵۵، رقم: ۱۷۸۲۱۔

۳۷ – محمد بن عیسی الترمذی، **جامع الترمذي**، بَابُ العَمَائِمُ عَلَى القَلَانِسِ (مصر: شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابي الحلبي، ۱۳۹۵ھ / ۱۹۷۵ء)، ۴: ۲۴۷، رقم: ۱۷۸۴؛ سلیمان بن اشعث ابو داؤد، **سنن أبي داود**، بَابٌ فِي الْعَمَائِمِ (بیروت: المكتبة العصرية، صيدا، س۔ن)، ۴: ۵۵، رقم: ۴۰۷۸۔ البانی کے نزدیک یہ روایت ضعیف ہے۔

اس نفسیات کا علم اس لیے بھی ضروری ہے کہ جو شخص اپنے آپ پر فتح حاصل کر لے اس کے لیے دوسروں پر فتح حاصل کرنا کچھ مشکل نہیں۔(۳۸)

سفر طائف میں ردِ عمل کی نفسیات کے حوالے سے اسوۂ نبوی

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ کیا یوم احد سے بھی سخت دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر آیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمھاری قوم سے جو تکلیفیں اٹھائی ہیں، ان میں سب سے زیادہ تکلیف جو میں نے اٹھائی، وہ عقبہ کے دن تھی جب میں نے اپنے آپ کو ابن عبد یالیل بن عبد کلال کے سامنے پیش کیا تو اس نے میری خواہش کو پورا نہیں کیا۔ پھر میں رنجیدہ ہو کر سیدھا چلا ابھی میں ہوش میں نہ آیا تھا کہ قرن الثعالب میں پہنچا، میں نے اپنا سر اٹھایا تو بادل کے ایک ٹکڑے کو اپنے اوپر سایہ فگن پایا۔ میں نے جو دیکھا تو اس میں جبرائیل (علیہ السلام) تھے۔ انھوں نے مجھے آواز دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قوم کی گفت گو اور ان کا جواب سن لیا ہے۔ اب پہاڑوں کے فرشتے کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا ہے تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے کافروں کے بارے میں جو چاہیں حکم دیں۔ پھر مجھے پہاڑوں کے فرشتے نے آواز دی اور سلام کیا، پھر کہا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ سب کچھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی ہے؛ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاہیں تو میں اخشبین نامی دو پہاڑوں کو ان کافروں پر لا کر رکھ دوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (نہیں) بلکہ مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کافروں کی نسل سے ایسے لوگ پیدا کرے گا جو صرف اسی کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ بالکل شرک نہ کریں گے۔(۳۹)

طائف کے اس واقعے سے بھی ردِ عمل کی نفسیات کا درس ملتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جب ملک الجبال یعنی پہاڑوں کا فرشتہ حاضر ہوا اور اس نے کہا کہ میں دونوں پہاڑوں کو ملا کر اس پوری قوم کو پیس کر رکھ دوں۔ اب یہ سب کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی کے تابع تھا اگر چاہتے تو بدلہ لے لیتے اور وہ قوم تباہ و برباد ہو جاتی۔ اللہ رب العزت نے اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اختیار عطا فرمایا تھا، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معافی کو اختیار فرمایا اور

---

۳۸ – وحید الدین خان، **اقوال حکمت**، ۸۔

۳۹ – البخاری، **صحيح البخاري**، بَابُ إِذَا قَالَ أَحَدُكُمْ: آمِينَ وَالمَلاَئِكَةُ فِي السَّمَاءِ، آمِينَ ، فَوَافَقَتْ إِحْدَاهُمَا الأُخْرَى، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، ۴ : ۱۱۵، رقم: ۳۲۳۱۔

ردِ عمل کی نفسیات کا بہترین درس دیا کہ رسول اللہ ﷺ جواب میں فرماتے ہیں کہ نہیں، میں رحم کرنے والا بنا کر بھیجا گیا ہوں، یہ قوم اگر مسلمان نہیں ہوئی تو کیا ہوا، ان کی آئندہ آنے والی نسلیں مسلمان ہو جائیں گی۔ ردِ عمل کی نفسیات کا اس سے بہترین مظاہرہ کیا ہی نہیں جا سکتا کہ اس انتہائی شدید ظلم کے جواب میں بھی رسول اللہ ﷺ نرمی و رحم دلی اور عفو و درگزر کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

غزوۂ احد میں اسوۂ نبوی ﷺ اور ردِ عمل

حضرت انسؓ روایت ہے کہ احد کی لڑائی کے دن رسول کریم ﷺ کے ان چار دانتوں میں سے ایک دانت توڑ دیا گیا تھا جن کو رباعیہ کہتے ہیں اور آپ ﷺ کا سر مبارک زخمی کر دیا گیا، آپ خون پونچھتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے کہ وہ قوم کیوں کر فلاح یاب ہو سکتی ہے جس نے اپنے نبی کا سر زخمی کیا اور اس کے دانت توڑ دیے۔[۴۰] سبحان اللہ کیسی عظیم شخصیت ہیں اور کیسے عمدہ اخلاق ہیں۔ یہی ردِ عمل کی نفسیات مطلوب ہے کہ اگر عصر حاضر میں مسلم امہ اسی ردِ عمل کی نفسیات کا مظاہرہ کرے تو پورے معاشرے میں ایک امن و سکون کا قیام ہو جائے گا اور افتراق و انتشار، افراتفری و بے چینی اور لڑائی جھگڑے کے ماحول کا خاتمہ ہو جائے گا پورا معاشرہ امن کا گہوارہ اور مثالی معاشرہ بن جائے گا۔

فتح مکہ کے موقع پر اسوۂ نبوی ﷺ

فتح مکہ کے موقع پر جب جانی دشمن رسول اللہ ﷺ کے سامنے سرنگوں کیے ہوئے حاضر ہیں اور اشارہ ابرو کے منتظر ہیں کہ اگر ابرو کا اشارہ ہو جائے تو ان سب کے سر قلم ہو جائیں، لیکن رسول ﷺ مثبت ردِ عمل کی نفسیات کا بہترین مظاہرہ کرتے ہیں اور انھیں معاف فرما دیتے ہیں۔

نبی اکرم ﷺ ہمارے لیے اسوۂ حسنہ ہیں۔ اپنے دشمنوں کو معاف کرنا آپ ﷺ کے اسوۂ کا نمایاں وصف ہے۔ آپ ﷺ دشمنوں کو نہ صرف معاف فرماتے بلکہ آگے بڑھ کر انھیں اعزاز و اکرام سے نوازتے۔ ابوسفیان اسلام لانے سے پہلے آپ ﷺ کے سخت دشمن تھے۔ انھوں نے مدینہ پر حملے کیے۔ فتح مکہ کے موقع پر وہ

۴۰۔ مسلم بن الحجاج القشیری، **صحیح مسلم**، کتاب الجھاد والسیر، باب غزوۃ أحد، رقم: ۱۷۹۱۔

اسلام لائے تو آپ ﷺ نے نہ صرف انھیں معاف فرما دیا بلکہ اعلان فرمایا کہ جو ابو سفیان کے گھر میں داخل ہو گا، اس کے لیے امان ہو گی۔

جب مکہ میں قریش قحط سے بھوکے مر رہے تھے تو ابو سفیان نے آپ سے ان کے لیے دعا کی درخواست کی تو آپ نے ان کے لیے دعا کر دی۔ سراقہ بن مالک بن جعشم سو اونٹوں کے لالچ میں آپ کو قتل کرنے کے لیے ہجرت کے موقع پر آپ کا پیچھا کر رہا تھا، لیکن جب اس کی سواری زمین میں دھنس گئی تو اس نے آپ سے درخواست کی کہ آپ زمین کو حکم دیں کہ مجھے چھوڑ دے تو آپ کے حکم سے زمین نے اس کو چھوڑ دیا، پھر اس نے کہا آپ مجھے امان لکھ کر دے دیں تو آپ نے عامر بن فہیرہ کو حکم دیا اور اس نے ایک چمڑے پر امان لکھ کر دے دی آپ نے فرمایا: مجھے اس لیے بھیجا گیا ہے کہ مکارم اخلاق کو مکمل کر دوں۔

عمر بن حفص اعمش شقیق نے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے تھے اس وقت بھی رسول اللہ ﷺ کو دیکھ رہا ہوں جو انبیاء سابقین کے ایک نبی کی کیفیت بیان فرما رہے ہیں کہ ان کی قوم نے ان کو مارا اور خون آلود کر دیا وہ اپنے چہرہ سے خون پونچھتے جاتے اور کہتے جاتے اے اللہ میری قوم کو بخش دے؛ کیوں کہ وہ میری قدر و منزلت سے واقف نہیں ہیں۔[۴۱]

غزوہ احد کے لیے جاتے ہوئے رسول اللہ ﷺ نے مختصر راستے سے جانے کی خواہش کا اظہار کیا تو حضرت ابو خیثمہ حارثی نے عرض کیا: " یا رسول اللہ ﷺ میں لے چلوں گا"۔ پھر وہ اپنے قبیلہ بنی حارثہ کی زمین کے راستہ ان کے کھیتوں اور مکانات کے درمیان سے آپ کو لے چلے، یہاں تک کہ وہ مربع ابن قیظی نامی ایک شخص کی زمین اور نخلستان میں سے ہو کر گزرے، اس منافق شخص کی نظر کم زور تھی۔ اس نے رسول اللہ ﷺ اور آپ کے ہم راہ مسلمان مجاہدین کے آنے کی آہٹ سنی تو ان کے اوپر مٹی اٹھا کر پھینکنے لگا، اور کہنے لگا: " اگر تم اللہ کے رسول ہو تو میں تمھیں اپنے نخلستان میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دیتا"۔ پھر اس خبیث نے اپنی مٹھی میں مٹی اٹھائی اور کہنے لگا: "اے محمد! خدا کی قسم اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ یہ مٹی دوسرے پر بھی پڑ جائے گی تو میں اس کو تمھارے منہ پر پھینکتا"۔ یہ گستاخانہ بات سن کر صحابۂ کرام اس کو مارنے کے لیے دوڑے تاکہ اس کو تمیز

---

۴۱ - البخاری، **صحيح البخاري**، بَابُ حَدِيثِ الغَارِ، ۴: ۱۷۵، رقم: ۳۴۷۷؛ بَابُ إِذَا عَرَّضَ الذِّمِّيُّ وَغَيْرُهُ بِسَبِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُصَرِّحْ، نَحْوَ قَوْلِهِ: السَّامُ عَلَيْكَ، رقم: ۶۹۲۹۔

سکھائیں۔ ممکن تھا کہ وہ اسے قتل کر دیتے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اس کو قتل نہ کرو، کیوں کہ یہ اندھا ہے؛ دل کا بھی اندھا ہے اور آنکھوں کا بھی اندھا ہے۔" پھر رسول اللہ ﷺ آگے تشریف لے گئے اور اس منافق کی طرف کوئی توجہ نہیں دی کیوں کہ آپ سنجیدہ اور باوقار، نیز دانا اور حکیم تھے، احمقوں کی طرف توجہ نہیں دیتے تھے اور نہ گھٹیا اور ذلیل لوگوں کی باتوں سے اپنے اعصاب کو متأثر ہونے دیتے تھے۔ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی بات مان لی: ایک عرب شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ: " اگر تم ہر بھونکنے والے کتے کو پتھر مارتے رہو گے تو (پتھر اتنے کم یاب ہو جائیں گے کہ) وہ سونے کے بھاؤ بکنے لگیں گے) کسی نے صحیح کہا ہے کہ " کتے بھونکتے رہتے ہیں اور قافلہ چلتا رہتا ہے۔[۴۲]

رسول اللہ ﷺ کے اقوال و ارشادات کے علاوہ بکثرت مظاہر اور رسول اللہ ﷺ کا عمل اس بات پر شاہد ہے اور ہمیں عملی طور پر اس بات کا درس ملتا ہے کہ کیسے ردِ عمل کی نفسیات کا مظاہرہ کیا جائے اور لوگوں کو بہترین درس دیا جائے۔ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے یہ واقعات اور مثالیں ظاہر کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ منفی ردِ عمل کی نفسیات کا شکار نہیں ہوئے، بلکہ بہترین اور عمدہ اخلاق کا مظاہرہ کیا۔ عموماً ہوتا یہ ہے کہ لوگ ایسے مواقع پر ردِ عمل کی نفسیات کے ہاتھوں مغلوب ہو جاتے ہیں اور غصے یا ناراضی کا مظاہرہ کر دیتے ہیں، جس کی وجہ سے فساد کھڑا ہو جاتا ہے رسول اللہ ﷺ کو اس اعتبار سے بھی ایک کمال حاصل تھا کہ آپ ردِ عمل کی نفسیات کا شکار نہیں ہوتے تھے، بلکہ جو آپ کی عمومی طبیعت اور فطرت تھی وہ ہر وقت آپ پر غالب رہتی تھی اور آپ لوگوں کے غصہ دلانے کی وجہ سے غصہ نہیں کیا کرتے تھے ، بلکہ آپ کا مزاج آپ کی فطرتِ ثانیہ تھا اور آپ کی فطرت، فطرتِ سلیمہ تھی جو کسی حالت میں بھی مغلوب نہیں ہوتی تھی اسی لیے رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کے گرویدہ عام و خاص تھے۔ اسی وجہ سے اماں عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ [۴۳]یعنی آپ کا خلق تو قران تھا۔ حضرت زید بن حارثہ جو غلام بنا لیے گئے تھے اور حکیم بن حزام نے خرید کر حضرت خدیجۃ الکبریٰ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ جب آپ کے والدین آپ کو لینے کے لیے آئے تو آپ نے زید کو بلایا اور پوچھا کیا تم ان دونوں کو پہچانتے ہو؟ زید نے کہا ہاں یہ میرے باپ ہیں اور یہ میرے چچا ہیں فرمایا: اور مجھے تو تم جانتے ہو اور

---

۴۲ – عبدالقیوم قاسمی، **معارف الفرقان** (کراچی: القاسمی اکیڈمی ادارہ معارف اسلامیہ، س۔ن)، ۱: ۱۲۸۔

۴۳ – احمد بن حنبل، مسند أحمد بن حنبل، مسند عائشہ صدیقہ، ۴۳: ۱۵، رقم: ۲۵۸۱۳۔

میری رفاقت کو پہچانتے ہو؟ اب تم مجھے اختیار کرلو یا ان کو اختیار کرلو۔ حضرت زید بن حارثہ نے کہا میں آپ کے مقابلے میں کسی کو اختیار نہیں کر سکتا۔ آپ ہی میرے باپ اور چچا کے حکم میں ہیں۔ حضرت زید کے والد اور چچا نے کہا: اے زید تم پر افسوس ہے! کیا تم غلامی کو آزادی پر ترجیح دے رہے ہو اور اپنے باپ اپنے چچا اور اپنے گھر اور اپنے گھر والوں پر ان کی ترجیح دے رہے ہو۔ حضرت زید بن حارثہ نے کہا: میں نے اس کریم شخص کی زندگی میں وہ چیز دیکھی ہے کہ میں ان کے مقابلے میں کسی کو اختیار نہیں کر سکتا، یعنی حضرت زید بن حارثہ نے کہا کہ میں اپنے ماں باپ کو تو چھوڑ سکتا ہوں لیکن رسول اللہ ﷺ کو نہیں چھوڑ سکتا۔(۴۴) انس بن مالک کہتے ہیں کہ میں دس سال تک رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں رہا ہوں، لیکن رسول اللہ ﷺ نے کبھی مجھے اف تک نہیں کہا اور نہ کبھی فرمایا کہ کیوں تو نے ایسا کیا اور نہ یہ فرمایا کہ کیوں تو نے ایسا نہیں کیا۔(۴۵) یہ تمام باتیں اس بات کو ظاہر کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ردِ عمل کی نفسیات کے ہاتھوں کبھی بھی مغلوب نہیں ہوئے، بلکہ ہمیشہ آپ اپنی فطرت سلیمہ پر کاربند رہتے تھے۔ آپ نے انسانیت کے ہر شعبے کے لیے رہ نمائی کی ہے اور بھرپور اور کامل زندگی گزاری اور ایسی زندگی گزاری ہے کہ کسی نبی اور رسول نے ایسی جامع اور محیط زندگی نہیں گزاری، اس لیے اللہ تعالیٰ نے کسی نبی اور کس رسول کی زندگی قسم نہیں کھائی صرف آپ کی زندگی کی قسم کھائی اور فرمایا: لعمرک، اے محمد تمھاری زندگی کی قسم!(۴۶)

نتائج

۱. ردِ عمل کی تشکیل ایک قسم کا نفسیاتی دفاعی طریقۂ کار ہے جو منفی احساسات کی وجہ سے پیدا ہونے والی پریشانی اور تناؤ پر قابو پانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ردِ عمل کی مختلف جہات کے اعتبار سے مختلف اقسام ہیں اور ہر اعتبار سے ان کی مختلف تعریفات ہیں۔

۲. ردِ عمل کی نفسیات کے تحت مختلف دفاعی طریقہ ہائے کار ہو سکتے ہیں جن میں انکار، جبر، نقل مکانی،

---

۴۴ – ابو الفضل ابن حجر احمد بن علی بن محمد بن احمد العسقلانی، **الإصابة في تمييز الصحابة** (بیروت: دار الكتب العلمية، ۱۴۱۵ھ)، ۲: ۴۹۵۔

۴۵ – البخاری، **صحيح البخاري**، بَابُ حُسْنِ الخُلُقِ وَالسَّخَاءِ، وَمَا يُكْرَهُ مِنَ البُخْلِ، ۸: ۱۴، رقم: ۶۰۳۸۔

۴۶ – القرآن، ۱۵: ۷۲۔

رجعت، سربلندی، ردِ عمل کی تشکیل، تعارف، حملہ آور کے ساتھ شناخت وغیرہ شامل ہیں۔

۳. ردِ عمل کی نفسیات بیک وقت معاشرتی نفسیات اور انفرادی نفسیات کا مشترکہ موضوع ہے۔

۴. زبان میں الفاظ کے ذریعے ہم اپنے خیالات احساسات اور تاثرات دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ الفاظ ہی کے ذریعے خیالات واحساسات اور تاثرات ہم تک پہنچتے ہیں۔

۵. یہ الفاظ تعبیری معنی (Denotative) اور تضمینی معنی (Connotative) پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں قرآن پاک کی بہت سی آیات اشارہ کرتی ہیں۔

۶. رسول اللہ کے بہت سے اقوال و ارشادات بھی ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں آگہی فراہم کرتے ہیں۔

۷. ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں بہت سے سیرت النبی کے نظائر عملی نمونہ پیش کرتے ہیں۔

۸. رسول اللہ ﷺ نے ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں امت کو نہ صرف اپنی سیرت کا عملی نمونہ پیش کیا اور امت کو اس کے اپنانے کی تلقین بھی کی بلکہ ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں امت کی تربیت کی طرف بھی پورا دھیان دیا اور اس کا عملی بندوبست بھی کیا۔

۹. قرآن واحادیث میں ردِ عمل کی نفسیات کے بارے میں عمومی اور خصوصی رہ نمائی موجود ہے۔

۱۰. رسول اللہ ﷺ نے اسلامی عقائد و احکامات کی تعلیم و ترویج کے ساتھ ہی اخلاقی تربیت کی طرف بھی توجہ مرکوز کی اور صحابہ کرام اور امت کی رہ نمائی کو بہتر بنانے کے سلسلے میں بھی مختلف انتظامی، روحانی، تعلیمی وتربیتی اقدامات کیے۔

۱۱. اسلام میں تمام افراد برابر ہیں اور کسی شخص کو دوسرے فرد کی ذلت کا کوئی حق نہیں ہے۔

سفارشات

موضوع تحقیق کی مناسبت سے مندرجہ ذیل امور کی سفارش کی جاتی ہے:

۱. معاشرے کے افراد کی تربیت کے لیے ایک ادارہ قائم کیا جائے کہ جہاں لوگوں کو باقاعدہ ردعمل کی نفسیات کی عملی تربیت دی جائے۔ نصاب میں ردعمل کی نفسیات کے بارے میں اسباق اور ابواب شامل کیے جائیں۔

۲. معاشرے میں امن وہم آہنگی کو برقرار رکھنے کے لیے اور انتہاپسندی و تشدد کے خاتمے کے لیے مناسب

اقدامات کیے جائیں تاہم اس کی طرف حکومت کی توجہ نہ ہونے کے برابر ہے۔

۳. اشخاص کی عزتِ نفس کے تحفظ کے سلسلے میں حکومت عوامی سطح پر شعور و آگہی فراہم کرنے کے لیے ایک جامع اور مربوط پروگرام مرتب کر کے مساجد مدارس اور دینی اداروں کو کلیدی کردار ادا کرنے کے لیے تیار کرے۔

۴. پرنٹ، الیکٹرونک اور سوشل میڈیا میں ردِ عمل کی نفسیات کی خوب نشرواشاعت کی جائے تاکہ عوام مسئلے کی سنگینی کو سمجھ سکیں۔

۵. آدابِ گفت گو اور طرز گفت گو کو تبدیل کرنے کی تعلیم دی جائے۔

۶. انتہا پسندانہ کتب اور افراد کو محدود کیا جائے یا ان کو فلٹر کر کے عوام کو مہیا کی جائیں۔

۷. تمام شہری اور دیہی آبادی کو اس ضمن میں لٹریچر کی فراہمی اور تعلیمات و نظریات کی فراہمی و ترویج و اشاعت کو یقینی بنایا جائے۔

۸. کمیونٹی کی سطح پر شراکت داری اور تعاون کے ذریعے رد عمل کی نفسیات کو بہتر بنایا جائے۔

۹. نفسیاتی ماہرین سے بہتر پالیسیاں اور ضابطے تیار کروائے جائیں اور ان پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

۱۰. سوشل میڈیا کا اثر بالخصوص عوام پر بہت زیادہ ہوتا ہے، لہٰذا یہاں جارحیت پسندی کے خاتمے کے لیے قائم ادارے باقاعدہ فعال کردار ادا کریں۔

۱۱. بین الاقوامی فریم ورک اور ادارہ جاتی تعاون کی تشکیل کی جائے؛ اگرچہ اس امر کا حصول بہت مشکل ہے لیکن اقوام متحدہ کی (DWMDG) سے متعلق ہدایات یہ بتاتی ہیں کہ ایسا ہونا دشوار تو ہے لیکن ناممکن نہیں۔

❁❁❁❁❁

List of Sources in Roman Script

- Al-Qur'ān.
- Muslim b. Ḥajjāj al-Nayshābūrī. *al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ*. Beirut: Dār al-Fikr, n.d.
- Abū Dāwūd Sulaymān b. Ashʿath. *al-Sunan*. Beirut: al-Maktabah al-ʿAṣriyyah, n.d.
- Abū ʿĪsā Muḥammad al-Tirmidhī. *al-Jāmiʿ*. Egypt: Sharikat Maktabat wa-Maṭbaʿat Muṣṭafá al-Bābī al-Ḥalabī, 1395 AH / 1975 CE.
- Abū Bakr ʿAbd Allāh b. Muḥammad b. ʿUbayd b. Sufyān Ibn Abī al-Dunyā. *al-Ṣamt wa-Ādāb al-Lisān*. Beirut: Dār al-Kitāb al-ʿArabī, 1410 AH.
- Abū al-Qāsim Sulaymān b. Aḥmad b. Ayyūb al-Ṭabarānī. *Musnad al-Shāmiyyīn*. Riwayah ʿan ʿAbd al-Raḥmān b. Ghanm al-Ashʿarī. Beirut: Muʾassasat al-Risālah, 1405 AH / 1984 CE.
- Muḥammad b. Ismāʿīl al-Bukhārī. *al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ*. Beirut: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, 1440 AH.
- Abū Ḥāmid Muḥammad b. Muḥammad al-Ṭūsī al-Ghazālī. *Iḥyāʾ ʿUlūm al-Dīn*. Beirut: Dār al-Maʿrifah, n.d.
- Ibn Wahb, Abū Muḥammad ʿAbd Allāh al-Miṣrī al-Qurashī. *al-Jāmiʿ fī al-Ḥadīth li-Ibn Wahb*. Riyaḍ: Dār Ibn al-Jawzī, 1416 AH / 1995 CE.
- Ibn Abī Shaybah, Abū Bakr ʿAbd Allāh b. Muḥammad b. Ibrāhīm b. ʿUthmān al-Khawāstī al-ʿAbasī. *al-Kitāb al-Muṣannaf fī al-Aḥādīth wa-al-Āthār*. Riyaḍ: Maktabat al-Rushd, 1409 AH.
- al-Bayhaqī, Abū Bakr Aḥmad b. Ḥusayn. *Shuʿab al-Īmān*, Bāb al-Ḥilm wa-al-Taʾaddah wa-al-Rifq fī al-Umūr kullihā. Riyaḍ: Maktabat al-Rushd, 1423 AH / 2003 CE.
- al-Ṭabarānī, Abū al-Qāsim Sulaymān b. Aḥmad. *al-Muʿjam al-Kabīr*. Beirut: Dār Iḥyāʾ al-Turāth al-ʿArabī, 1983.

- al-Muttaqī al-Hindī, ʿAlāʾ al-Dīn ʿAlī b. Ḥusām al-Dīn. *Kanz al-ʿUmmāl fī Sunan al-Aqwāl wa-al-Afʿāl*. Beirut: Muʾassasat al-Risālah, 1401 AH.
- al-Bayhaqī, Abū Bakr Aḥmad b. al-Ḥusayn b. ʿAlī. *al-Sunan al-Kubrā*. Haiderabad: Majlis Dāʾirat al-Maʿārif al-Niẓāmiyyah bi-al-Hind, 1344 AH.
- Aḥmad b. Ḥanbal. *Al-Musnad*. Beirut: Dār al-Fikr, 2001.
- Muʿammar b. Abī ʿAmr Rāshid al-Azdī, Abū ʿUrwah al-Baṣrī (d. 153 AH). *al-Jāmiʿ*, printed as an appendix to *al-Muṣannaf ʿAbd al-Razzāq*, ed. Ḥabīb al-Raḥmān al-Aʿẓamī. Beirut: al-Majlis al-ʿIlmī bi-Pākistān, wa-Tawzīʿ al-Maktab al-Islāmī, 1403 AH.
- ʿAbd al-Razzāq b. Hammām al-Ṣanʿānī. *al-Muṣannaf*. Bayrūt: al-Maktab al-Islāmī, 1403 AH.
- Fatḥ al-Dīn Muḥammad b. Aḥmad al-Yamārī. *ʿUyūn al-Athar fī Funūn al-Maghāzī wa-al-Shamāʾil wa-al-Siyar*. Beirut: Dār al-Qalam, 1414 AH / 1993 CE.
- al-Suhaylī, ʿAbd al-Raḥmān b. ʿAbd Allāh b. Aḥmad. *al-Rawḍ al-Unuf fī Sharḥ al-Sīrah al-Nabawiyyah li-Ibn Hishām*. Beirut: Dār Iḥyāʾ al-Turāth al-ʿArabī, 1421 AH / 2000 CE.
- al-ʿAsqalānī, Abū al-Faḍl Aḥmad b. ʿ Alī b. Mu▪ ammad b. A▪ mad Ibn Ḥajar. *al-Iṣābah fī Tamyīz al-Ṣaḥābah*. Beirut: Dār al-Kutub al-ʿ Ilmiyyah, 1415 AH.
- Qāsimī, ʿ Abd al-Qayyūm. *Maʿ ārif al-Furqān*. Karachi: al-Qāsimī Academy Idārah Maʿ ārif-i-Islāmiyyah, n.d.
- K͟h͟ān, Waḥīd al-Dīn. *Aqvāl-i-Ḥikmat*. Dihli: Maktabah al-Risālah, 2006.
- Qādir, S. A. *Muʿ āshratī Nafsiāt*. Lahore: Maghribī Pākistān Urdū Academy, 1981.
- Gary R. VandenBos. *APA Dictionary of Psychology*. Washington, DC: American Psychological Association, 2002.
- Study.com. "Reaction Formation in Psychology: Definition & Example." Accessed May 25, 2022.

https://study.com/academy/lesson/reaction-formation-in-psychology-definition-example.html

❖ SpringerLink. “Defense Mechanism Entry.” Accessed February 21, 2024. https://link.springer.com/referenceworkentry/10.1007/978-3-319-28099-8_1420-1

❖ Encyclopædia Britannica. “Defense Mechanism.” Accessed May 25, 2022. https://www.britannica.com/topic/defense-mechanism

❁❁❁❁❁